رئیس الجامعہ کا دورۂ سعودی عرب

مورخہ ۲۵ اگست کو رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب اور مدیر جامعہ اثریہ للبنات حافظ احمد حقیق سعودی حکومت کی دعوت پر ایک ماہ کے دورے پر سعودی عرب روانہ ہوئے۔ جہاں انہوں نے عمرہ کی ادائیگی کے علاوہ ائمہ حرمین، رابطہ عالم اسلامی کے مسئولین اور مدینہ یونیورسٹی اور ام القریٰ یونیورسٹی کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے ۲۱ ستمبر کو اپنے مرحوم خالو فضیلۃ الشیخ عبدالقادر حبیب اللہ السندیؒ کی صاحبزادی کی رخصتی میں بھی شرکت کی۔ ان کی شادی فضیلۃ الاخ الشیخ عبداللہ سے ہوئی جو کہ معروف سکالر اور مفتی اعظم سعودی عرب سماحۃ الشیخ ابن بازؒ کے سیکرٹری ڈاکٹر محمد لقمان السلفی کے صاحبزادہ ہیں۔ اس دورہ میں علامہ مدنی صاحب کی والدہ محترمہ بھی ان کے ہمراہ ہیں۔

جامعہ علوم اثریہ جہلم کا اعزاز

مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ کے تین ہونہار طلبہ کا داخلہ

حسبِ سابق امسال بھی جامعہ سے امتیازی پوزیشن میں سندِ فراغت حاصل کرنے والے تین خوش نصیب طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوگیا ہے۔ اور وہ مدینہ منورہ چلے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک سلیمان قلندر صاحب تھے جو فراغت کے بعد جامعہ علوم اثریہ میں ہی تدریسی خدمات سرانجام دے رہے تھے اور دوسرے دو طلبہ میں حبیب اللہ اور فضل احمد شامل ہیں۔ ادارۃ الجامعہ انہیں مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے علم و عمل میں برکت فرمائے۔ اور انہیں خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ اللهم زد فزد۔

ناظم مرکزیہ میاں محمد جمیل صاحب کی جامعہ میں تشریف آوری

مورخہ ۲۴ ستمبر کو مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سیکرٹری جنرل جناب میاں محمد جمیل صاحب جہلم تشریف لائے۔ ان کے ہمراہ پروفیسر عبدالرحمان لدھیانوی صاحب اور پروفیسر حافظ عبدالستار حامد صاحب بھی تھے۔ نماز عشاء کے بعد انہوں نے اساتذہ، طلبہ اور کارکنوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ ازاں بعد مرکزی جمعیت اور اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے عہدیداروں اور کارکنوں کے خصوصی اجلاس میں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ملتان کی اہمیت و ضرورت پر روشنی ڈالی اور اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے ابھی سے کمربستہ ہونے اور کوششیں تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ جہلم سے ایک بڑے قافلہ کی شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔

گجرات شہر میں نوتعمیر جامع مسجد اہلحدیث قاسم پورہ کی افتتاحی کانفرنس

تنظیم المساجد الاثریہ جہلم کے زیر اہتمام حالیہ دنوں میں مکمل ہونے والی نوتعمیر جامع مسجد اہلحدیث محلہ قاسم پورہ ریلوے روڈ گجرات میں مورخہ 18 ستمبر کو سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر افتتاحی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں مناظرِ اسلام مولانا حافظ عبداللہ شیخوپوری نے توحید کے موضوع پر بڑا ولولہ انگیز خطاب فرمایا۔ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی دعا سے یہ انتہائی کامیاب کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔ جہلم سے جناب محمود بن مستری محمد حنیف اور آصف شفیق نے بھی شرکت کی۔

مسجد رحمانیہ اہلحدیث فاضل چوک میرپور میں شانِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس

مورخہ ۲ ستمبر بروز ہفتہ جامع مسجد ودارالعلوم رحمانیہ اہلحدیث C/3 میرپور میں زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر شانِ مصطفیٰ کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس کا اہتمام خطیب مسجد ہذا مولانا عبدالشکور علوی فاضل جامعہ علوم اثریہ جہلم اور مہتمم مسجد رحمانیہ جناب محمد اسماعیل صاحب نے دیگر جماعتی احباب کے تعاون سے کیا تھا۔ اس کانفرنس میں مولانا عبداللہ نثار خطیبِ اعظم گوجرانوالہ اور پروفیسر طالب الرحمان شاہ صاحب نے خطاب کیا۔ حاضری اور تقاریر کے لحاظ سے کانفرنس انتہائی کامیاب رہی۔

جامع مسجد محمدی اہلحدیث جناح سٹیڈیم سیالکوٹ میں پہلی سہ روزہ اہلحدیث کانفرنس

جامع مسجد محمدی اہلحدیث متصل جناح سٹیڈیم سیالکوٹ کی بڑے پیمانے پر توسیع اور اس کی خوبصورت تعمیر کے بعد پہلی سہ روزہ اہلحدیث کانفرنس مورخہ ۲۲، ۲۳، ۲۴ ستمبر کو منعقد ہوئی۔ پہلی رات کے نظام الاوقات میں خطاب کے لیے رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب کا نام بھی تھا مگر وہ بیرون ملک دورہ پر تھے، کانفرنس میں ان کی نمائندگی مدیر الجامعہ نے کی۔ محمود بن مستری محمد حنیف صاحب بھی ان کے ہمراہ تھے۔

مسجد کی توسیع و تعمیر سے لیکر اس کانفرنس کے انعقاد تک مکمل انتظام و انصرام الحاج میاں نذیر احمد صاحب کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے خلوص میں برکت عطا فرمائے یہ کانفرنس رونق، علماء کرام کے خطابات اور انتظام کے لحاظ سے انتہائی کامیاب تھی۔ اس کامیابی میں مسجد کے خطیب مولانا امان اللہ مجاہد صاحب کی کوششوں کا بھی بڑا عمل دخل ہے۔

وفیات

موضع رکن (گجرات) کے خطیب مولانا محمد حنیف کا انتقال پرملال

مورخہ ۲۰ اگست کو جامع مسجد اہلحدیث موضع رکن تحصیل پھالیہ ضلع گجرات کے خطیب مولانا محمد